بجملہ حقوق محفوظ ہیں

اس ناول کے کردار، واقعات
مقامات قطعی فرضی ہیں۔ کسی
قسم کی مماثلت محض اتفاقیہ ہوگی۔
جس کے لیے ادارہ یا مصنف ذمہ دار نہ ہوں گے

قیمت [illegible] روپے

اسرار احمد (ابن صفی) نے ایجوکیشنل پریس سے چھپوا کر دفتر اسرار پبلی کیشنز
۱۰/۱ فردوس کالونی کراچی سے شائع کیا

پیشرس

غالباً دسمبر [illegible] کی بات ہے، جب میں نے اس ناول کا اشتہار ترتیب دیا تھا اور "ہلاکت خیز" نام تجویز کرتے وقت اس کا وہم و گمان تک نہیں تھا کہ خود میری قوم کو کسی ہلاکت خیزی کا سامنا کرنا پڑے گا۔ اشتہار میں ہاتھی کا بھی ذکر تھا۔ سو آخر ہاتھی بھی نکل آیا۔ ہاتھی پھر ہاتھی ہے، خواہ پورس کا ہو یا ابرہہ کا۔ [illegible] اور [illegible] میں پورس کے ہاتھی کا کردار ادا کرنے کے بعد شاید اس بار ابرہہ کے ہاتھی کا کردار ادا کرنے کی کوشش کی تھی۔ ۷۱ء کے بعد سے اس وقت تک شاید ہم اسی کے منتظر تھے کہ دیکھیں ابرہہ کے ہاتھی کا کردار کس حسن و خوبی سے ادا کرتا ہے۔ اوور ایکٹنگ تو نہیں کرتا..... خدا کا شکر ہے کہ بر وقت "کن" کا نعرہ لگ گیا اور قوم تباہی سے بچ گئی۔ یہ کچھ بھی ہوا ہو لیکن میں آپ سے بیحد شرمندہ ہوں کہ یہ کتاب ویسی نہ ہو سکی جیسی میں چاہتا تھا۔ جب ہم خود ہلاکت خیزیوں سے دوچار ہو کر ذہنی انتشار میں مبتلا ہو گئے ہوں تو

مار دھاڑ سے بھرپور کہانی کس طرح لکھی جا سکتی ہے (خصوصیت
سے نوجوان مجھے معاف کر دیں)

اب دوسری سنیئے! آج ہی کے اخبارات میں یہ خبر جلی حروف میں شائع ہوئی ہے کہ روس ایک ایسی اچھی شعاع بنانے میں کامیاب ہو گیا ہے جو بین البرّاعظمی میزائلوں کو فضا ہی میں تباہ کر دے گی... لیکن میں پوری سچائی سے اعلان کرتا ہوں کہ زیرو لینڈ والوں نے یہ شعاع آج سے ایک ہفتہ قبل استعمال کی تھی... اور اس کے سلسلے میں عمران کو دل کھول کر الّو بنایا تھا لیکن میری کون سنے گا۔ کریڈٹ روس ہی کو جائے گا۔ اللہ کی مرضی۔

تیسری بات یہ ہے کہ ماشاء اللہ اس بار تنخواہوں میں ڈیوڑھا اضافہ ہوا ہے۔ لہٰذا ادھر بھی بات "چونی" کی نہیں رہ گئی۔ یہ اضافہ مجھے اسی وقت کر دینا چاہیئے تھا جب دوسروں نے کیا تھا لیکن میرا آپ سے وعدہ تھا کہ آپ کی تنخواہوں میں اضافے سے قبل قیمت میں اضافہ نہیں کروں گا۔ خواہ گوشت کسی بھاؤ بک جائے۔ بہرحال تنخواہوں میں اضافے کی بناء پر اُجرتوں میں بھی اضافے ہوئے ہیں۔ اس لئے اب عام شمارے تین روپے کے اور خاص نمبر ساڑھے چار روپے کے ہوا کریں گے...

جہاز پام کے درختوں سے گھرے ہوئے شہر دارالسلام پر چکر لگا رہا تھا... ہدایت کے مطابق مسافروں نے حفاظتی پیٹیاں کس لی تھیں۔ ذرا ہی سی دیر میں جہاز دارالسلام کے ائیرپورٹ پر لینڈ کرنے والا تھا۔ جیمسن نے کنکھیوں سے ظفرالملک کی طرف دیکھا جو بظاہر اونگھ رہا تھا... لیکن حقیقتاً وہ بھی کنکھیوں سے اپنے برابر بیٹھی ہوئی یورپین لڑکی کو دیکھے جا رہا تھا۔

جیمسن نے ابھی تک یہ معلوم کرنے کی کوشش نہیں کی تھی آخر اتنے لمبے سفر کی زحمت کیوں گوارہ کی گئی تھی۔ سیاحت کا تو سوال ہی نہیں پیدا ہوتا تھا۔ کیونکہ ظفر کی مالی حالت اس پر اظہر من الشمس تھی... پھر تنزانیہ کا سفر کیوں۔؟

لیکن اُسے یہ ضرور معلوم تھا کہ دارالسلام کے سب سے بڑے اور مہنگے ہوٹل... کلیمنجارو میں اُن کا قیام ہوگا۔ وہاں دو کمرے پہلے سے ریزرو کرائے جا چکے تھے۔ جن کا کرایہ دو سو ساٹھ شلنگ یومیہ تھا۔ کمرہ بھی متوسط درجے کی بودوباش کے لئے تھا

ورنہ صرف قیام اور ناشتے کے لئے انھیں ایک سو اسی شلنگ فی کس یومیہ خرچ کرنا پڑتا۔ بہرحال جیمسن اچھی طرح جانتا تھا کہ ظفر کی جیب اتنی بھاری نہیں تھی۔ لہٰذا اس کے علاوہ اور کچھ نہیں سوچ سکا تھا کہ یہ عیاشی سرکاری ہی خرچ کی مرہون منت ہوگی۔

اُن دنوں جیمسن بڑی خاموشی سے زندگی بسر کر رہا تھا۔ زیادہ تر پڑھتا رہتا۔ زبان میں زہریلا پن بھی نہیں رہا تھا۔ خواہ مخواہ ہر ایک سے خوش اخلاقی برتنے کو جی چاہتا۔ وجہ یہ تھی کہ صوفیائے کرام کی زندگیاں زیر مطالعہ تھیں اور اسے تزکیہ نفس کی سوجھی تھی۔۔۔۔ خوبصورت عورتوں کو گھورنا ترک کر دیا تھا۔ بیئر تک نہیں پیتا تھا۔ مونگ کی دال اور لوکی غذا ٹھہری تھی۔ دنیاوی تزک و احتشام کو حقارت سے دیکھنے لگا تھا۔۔۔ کبھی کبھی ظفر کو بغور دیکھتا تو اسے ایسا محسوس ہوتا جیسے وہ ایک بے بس چوپائے کی طرح اندھیرے میں ہاتھ پاؤں مار رہا ہو۔ کچھ دنوں پہلے آنکھوں میں ذہانت کی جو چمک نظر آتی تھی، اب وہی ابلہی کی بے بضاعتی محسوس ہونے لگی تھی۔ وہ سوچتا یہ شخص کیا جانتا ہے۔ کچھ بھی تو نہیں سرکس کے ایک اداکار کی طرح اپنے شب و روز گزار رہا ہے۔ ہنستا ہے تو اسے علم نہیں ہوتا کہ کیوں ہنس رہا ہے اور الّو کو رونا کہاں نصیب ہوتا ہے۔ روتے تو عقل والے ہی روتے ہوئے دنیا میں آتے ہیں اور زندگی بھر روتے رہتے ہیں۔

بہرحال ظفر الملک اس سفر کے دوران میں کئی بار کوشش کر چکا تھا کہ اس یورپی لڑکی کی توجہ کا مرکز بن سکے لیکن کامیابی نہیں ہوئی تھی۔

جیمسن خاموش تماشائی بنا رہا تھا۔ ایک بار بھی اس سلسلے پر اظہارِ خیال کی ضرورت محسوس نہیں کی تھی۔ دراصل جیمسن کا خیال تھا کہ اس کے دل کی آنکھیں کھل گئی ہیں۔ لہٰذا اسے صرف لذتِ تماشا ہی تک محدود رہنا چاہئے۔ تفسیر وہ خود کر سکتا ہے۔ اس اداکار سے کیا پوچھے جو خود بھی نہیں جانتا کہ وہ کیا کر رہا ہے اور کیوں کر رہا ہے۔

تو جیمسن تصوف کی چند کتابیں پڑھ کر خود کو ایسا ہی صاحبِ حال سمجھنے لگا تھا۔ جہاز کے بلند ہوتے ہی ذہن پر عجیب سا سناٹا طاری ہو گیا۔

یورپین لڑکی سیٹ سے اُٹھی تھی اور ظفر حماقتاً پہلے ہی کھڑا ہو گیا تھا۔ وہ آگے بڑھ گئی اور جیمسن نے کہا: "خود کو قابو میں رکھئے یور ہائی نس۔۔۔ ضروری نہیں کہ اس کی اور آپ کی منزل ایک ہی ہو۔۔۔"

"اوہ۔۔۔ تم بولے تو۔۔۔" ظفر نے جھینپی ہوئی سی مسکراہٹ کے ساتھ کہا۔

"میں نہیں۔۔۔ کوئی اور بولا تھا۔۔۔"

"درکش۔۔۔ چلو۔۔۔ آگے بڑھو۔۔۔"

یورپین لڑکی نظروں سے اوجھل ہو چکی تھی۔

"اپنی گھڑی گرینچ مین ٹائم سے تین گھنٹے آگے بڑھا لو۔" ظفر نے نکاسی کے دروازے کی طرف بڑھتے ہوئے کہا۔

"زبانی یاد رکھوں گا۔ گھڑی کو نہیں چھیڑ سکتا۔ کیونکہ میری پیدائش گرینچ مین ٹائم کے مطابق ہی ہوئی تھی۔۔۔ لو آؤ نس یور ہائی نس۔۔۔"

ایئر پورٹ سے وہ ٹیکسی پر سٹی ڈرائیو کی طرف روانہ ہوئے۔ کلیمنجارو کی دس منزلہ عمارت سٹی ڈرائیو ہی پر واقع تھی۔

ظفر الملک نے دو تین گہری گہری سی سانسیں لیں اور بولا۔ "عجیب سی مہک ہے فضا میں۔ بالکل ہی نئی دنیا معلوم ہوتی ہے۔۔۔"

"اور یورپ سال پرانی۔" جیمسن برا سا منہ بنا کر بولا۔ "کفن اور کافور کی بو ہو گی۔"

"کیوں دماغ خراب کر رہے ہو میرا۔۔۔" ظفر جھنجھلا کر بولا۔

"میں آپ کو نجات کے راستے پر لگانا چاہتا ہوں۔۔۔"

"یہاں۔ اتنی دور۔۔۔ خطِ استوا کے قریب۔۔۔"

"ماحول کی تبدیلی سے بڑی مدد ملے گی۔ مگر یہ شاید ممکن نہ ہو سکے۔"

"اچھا بس۔۔۔ میرے سر میں درد ہو رہا ہے۔۔۔"

"ایز یو پلیز۔۔۔ لیکن کیا میں پوچھ سکتا ہوں کہ ہم اتنے مہنگے ہوٹل ہی میں کیوں قیام کر رہے ہیں؟"

"اپنی جیب سے نہیں کر رہے۔۔ جو کچھ کہا گیا ہے کر رہا ہے۔۔"

"یہاں کونسی زبان بولی جاتی ہے۔۔"

"سواحلی اور انگلش۔۔۔"

"آپ کو آتی ہے سواحلی۔۔"

"نہیں۔۔۔"

"کاش مجھے آتی ہوتی۔ یہاں کے عوام سے گفتگو کر سکتا۔۔"

"شکر ہے کہ وہ تمہاری بکواس سے محفوظ رہیں گے۔۔۔"

"لیگو بیچ پلیز۔۔۔"

عمارت دیکھ کر ظفر الملک کی باچھیں کھل گئیں۔ عمارت کے سامنے ہی ایک عمدہ اور بڑے سائز کا سوئمنگ پول نظر آ رہا تھا۔ بڑی پُر فضا جگہ تھی۔۔ ساحل بھی کچھ زیادہ دور نہیں تھا۔ بڑی خوشگوار ہوا سمندر کی جانب سے چل رہی تھی۔ اور وہ عجیب سی مہک جو اُنہوں نے جہاز سے اترتے ہی محسوس کی تھی۔ یہاں بھی برقرار تھی۔

سورج غروب ہونے والا تھا اور وہ پانچویں منزل پر اپنے کمروں میں بیٹھے تھے۔

"الگ الگ کمروں کی کیا ضرورت تھی پیر و مرشد۔۔" جیمسن نے اعتراض کیا۔

"میں نہیں جانتا۔ ریزرویشن میں نے نہیں کرایا تھا" ظفر بیزاری سے بولا "لیکن مجھے حیرت ہے کہ تم نے ابھی تک یہ معلوم کرنے کی کوشش نہیں کی کہ ہم یہاں آئے کیوں ہیں۔"

"دراصل مجھے آجکل دوسرے سوال نے اُلجھا رکھا ہے۔۔؟"

"وہ کیا ہے۔۔؟"

"ہم دنیا میں کیوں آئے ہیں۔۔"

"اچھا سوال ہے" ظفر سر ہلا کر بولا "اور اگر آئے ہی تھے تو ترکی سے جیمسن کیوں ہو گئے"

"نو پرسنل اٹیک پلیز۔۔۔"

"تیسرا سوال پیدا ہو گیا۔۔۔" ظفر اُسے گھورتا ہوا بولا "یہ پرسنل کیا چیز ہے۔۔؟"

"کیا مطلب۔۔؟"

"تفریح میں پرسنل کی کوئی گنجائش نہیں ہے۔ میں بھی تھکا ہوا ہوں۔ اچھا اب اپنے کمرے میں جاؤ۔ میں آرام کروں گا۔۔۔"

جیمسن کچھ کہے بغیر دروازے کی طرف بڑھا۔۔ اُسکا کمرہ مزید دو کمروں کے بعد تھا۔ جُھک کر قفل میں چابی لگا ہی رہا تھا کہ قریب سے ایک مترنم سی آواز آئی "میں کوئی مدد کر سکتی ہوں۔۔"

وہ سیدھا کھڑا ہو گیا۔ برابر والے کمرے کے دروازے پر ایک سفید فام عورت کھڑی مسکرا رہی تھی۔ عمر پچیس اور تیس سال کے درمیان رہی ہوگی۔ بال سنہرے تھے اور آنکھیں گہری نیلی۔۔

"کیا میں کوئی مجرم ہوں۔۔۔ اس طرح کیوں دیکھ رہے ہو۔۔" وہ ہنس کر بولی۔ اور جیمسن نے اندازہ کر لیا کہ کسی قدر نشے میں بھی ہے۔۔

"یہ بات نہیں محترمہ۔۔" اُس نے خشک لہجے میں کہا۔

"پھر کیا بات ہے۔۔۔"

"پندرہ بیس سال بعد عورت نظر آئی ہے۔۔"

"کیا بات ہوئی۔۔"

"خود مجھے بھی نہیں معلوم۔۔۔"

"ایسے ہی معصوم نظر آتے ہو۔۔۔" وہ پھر ہنس پڑی اور جیمسن نے بھی خواہ مخواہ دانت نکال دیئے۔

"آؤ کچھ دیر میرے ساتھ بیٹھو! میں اس وقت بہت اُداس ہوں۔۔۔"

"کوئی مضائقہ نہیں۔۔" جیمسن رک گیا۔ کنجی دوبارہ جیب میں ڈال لی۔ عورت کچھ ہٹ کر کھڑی ہو گئی تھی۔ وہ اُس کے کمرے میں داخل ہوا۔

سامنے ہی میز پر اسکاچ کی بوتل نظر آئی۔ جیمسن طویل سانس لے کر رہ گیا۔ زندگی میں

گدگدی سی ہونے لگی تھی۔ بہت دنوں سے چھٹی تک نہیں تھی۔

"بیٹھو گے نہیں کیا؟" عورت بولی۔

"شکریہ—" کہہ کر جیمس بیٹھ گیا۔

"تمہاری داڑھی بہت خوبصورت ہے۔ کہاں سے آئے ہو—"

"جہانولبرگ سے—"

"میرا نام اسپلی کارڈوبا ہے—"

"اور میں ڈگم جیم ہوں—"

"تمہاری داڑھی سے مناسبت رکھتا ہے وہ نام—"

"داڑھی کو موضوعِ سخن بنانا پسند نہیں کرتا—"

"میری کسی بات کا برا مت منانا میں بہت دکھی ہوں—"

"تنہائی کی وجہ سے—" جیمس نے سوال کیا۔

"خدا جانے... کیا تم نہیں پیو گے۔ اپنی مدد آپ کرو—"

"خود اپنے ہاتھ سے کبھی نہیں انڈیلی—"

"تنہا ہو۔ یا کسی پارٹی کے ساتھ—"

"نہ تنہا ہوں اور نہ کسی پارٹی کے ساتھ—"

"میں نہیں سمجھی—"

"میرا باس دوسرے کمرے میں مقیم ہے—"

"اوہ—" یک بیک وہ اور زیادہ مغموم نظر آنے لگی۔ کچھ دیر بعد بولی۔ "میں سمجھی تھی شاید میری ہی طرح تنہا ہو—"

"تم کیوں تنہا ہو—"

"میں تو یونہی۔ یہاں سکون کی تلاش میں آئی ہوں—"

"نیلے آسمان کے نیچے سکون کہاں۔ مُردے تک قبروں میں مضطرب رہتے ہیں—"

"قبروں کی بات کیوں نکالی" وہ اسے گھورتی ہوئی بولی۔ لہجہ بھی اچھا نہیں تھا۔

"برہمی نہ کرو— گورکن یا تدفین کرنے والی کسی فرم کا نمائندہ نہیں ہوں—"

وہ خاموشی سے اسے دیکھتی رہی۔

"اگر میری بات سے تکلیف پہنچی ہو تو معافی چاہتا ہوں—" جیمس بولا۔

"مجھے کسی بات سے صدمہ نہیں پہنچا—" وہ اپنے لئے گلاس تیار کرتی ہوئی بولی "میں تو یہاں مرنے کے لئے آئی ہوں—"

"کہاں سے آئی ہو—"

"نیویارک سے—"

"وہاں مرنے میں کیا دشواری تھی—"

ایک لمبا گھونٹ لے کر اسے گھورتی ہوئی بولی "کیا تم میرا مضحکہ اڑانے کی کوشش کر رہے ہو—"

"نہیں۔ یہ ایک سیدھا سا سوال تھا—"

"زہر پی کر مرنا گھٹیا سی بات ہے—"

"بڑا لڑکپنا ہے یہ—"

"دھماکے سے میری جمالیاتی حس کو ٹھیس پہنچ سکتی ہے—"

"نیویارک میں کوئی تیس یا چالیس منزلہ عمارت بھی آزمائی جا سکتی تھی—"

"ایکرو فوبیا کی مریضہ ہوں—"

"سمندر کے بارے میں کیا خیال ہے—"

"اس کے تصور سے بھی گھن آتی ہے کہ گندی مچھلیاں مجھے کھا جائیں—"

"تو پھر یہاں کیا—" جیمس جملہ پورا کئے بغیر خاموش ہو گیا۔

"یہاں کی موت بے حد شاندار ہو گی—" وہ پُرجوش لہجے میں بولی۔

"تم نے مجھے تشویش میں مبتلا کر دیا ہے۔ حالانکہ ہم کچھ ہی دیر پہلے ملے ہیں—"

"نہیں۔۔" لیلیٰ نے حیرت سے کہا۔ "تمہیں کیا تشویش ہو سکتی ہے۔"

"یہی کہ یہاں کی موت کس تدبیر سے شاندار ہو سکے گی۔"

"تم نہیں سمجھے۔۔" وہ زور سے ہنس پڑی۔

جیمسن نے مایوسانہ انداز میں سر کو منفی جنبش دی۔

"دیکھو۔۔" وہ مٹھیاں بھینچ کر بولی۔ "میں بے حد طاقت کی پجارن رہی ہوں۔ کیا سمجھے۔۔"

"سمجھ گیا۔۔"

"کیا سمجھے۔۔؟"

"شاید ابھی نہیں سمجھا۔ یہ تو یونہی روا روی میں کہہ گیا تھا۔"

"تم نہیں سمجھ سکو گے۔ کوئی بھی نہیں سمجھ سکتا۔ اس انوکھے خیال نے صرف میرے ذہن میں جنم لیا ہے۔۔۔ اس لئے میں امریکہ کی عظیم ترین ہستی ہوں۔"

"اس میں کیا شک ہے۔" جیمسن نے سنجیدگی سے کہا۔

"خاموش رہو۔ تم کچھ بھی نہیں سمجھے۔۔" وہ کسی قدر تیز ہو کر بولی۔

"مجھے اس کا بھی اعتراف ہے۔"

"مت بکواس کرو۔۔۔ یہ بھی ہے! اور وہ بھی ہے۔۔۔"

"بالکل۔۔" جیمسن سر ہلا کر بولا۔ "نہ اس کی حقیقت سے انکار کیا جا سکتا اور نہ اس کی۔ جو میرے تجربے میں آ جانے والی سچائی ہے۔ جسکا اعلان میرا ذہن نہ کر سکے وہ سب سے بڑا جھوٹ ہے۔۔"

"کیا تم میرا دماغ خراب کرو گے۔۔" وہ آنکھیں نکال کر بولی۔

"نہیں! میں صرف یہ معلوم کرنا چاہتا ہوں کہ مرنے کا وہ شاندار طریقہ کیا ہو"

"اچھا۔۔ اچھا۔۔" لیلیٰ نے قہقہہ لگایا۔ پھر سنجیدہ ہو کر کچھ سوچتی رہنے کے بعد بولی۔ "کیا میں تمہیں خوفزدہ نظر آ رہی ہوں۔۔"

"ہرگز نہیں! تمہارے چہرے پر تو عزم و استقلال کی بارش ہو رہی ہے۔"

"شکریہ۔ بس یہی معلوم کرنے کیلئے میں تمہیں یہاں لائی تھی۔ اگر جانا چاہو تو جا سکتے ہو۔"

"تمہارا کام تو ہو گیا۔ لیکن ابھی میرا نہیں ہوا۔۔"

"کیا کہنا چاہتے ہو۔۔"

"شاندار موت کا طریقہ۔۔"

"اچھا تو سنو۔۔۔" میں کسی گھنے جنگل میں جا گھسوں گی۔ اور کوئی دھاڑتا ہوا شیر مجھے چٹ کر جائے گا۔ شیر طاقت کی علامت ہے۔ اور میں بھی طاقت کی پجارن۔۔"

"واقعی بہت گریٹ ہو۔ لیکن شیر کا ہاضمہ چوپٹ ہو جائے گا۔ الکوحل کے سیلے ہوئے گوشت کا تجربہ اسے ہرگز نہ ہوا ہوگا۔"

"اب تم دفع ہو جاؤ یہاں سے۔" اس نے جھٹک کر کہا اور گلاس میں انڈیلنے لگی۔

"جنگل کی طرف روانگی کے وقت مجھے ساتھ لیجانا مت بھولنا۔"

"کیوں؟ تمہیں کیوں ساتھ لے جاؤں گی۔۔"

"تمہاری اور شیر کی تصویریں اتاروں گا۔۔"

"شٹ اپ۔ اینڈ گیٹ آؤٹ۔۔" وہ حلق کے بل چیخی۔ اور جیمسن جھلا کر کمرے سے باہر نکل آیا۔

عجیب چیز ہاتھ لگی تھی۔ اس نے سوچا۔ کیوں نہ ظفر الملک کو بھی اطلاع دے دی جائے۔ خاصے کی چیز معلوم ہوتی ہے۔ یہ عورت بھی کچھ دلچسپ ہی ہوگی۔

وہ تیزی سے اس کے کمرے کے سامنے پہنچا اور دروازے پر دستک دی۔۔

"کم ان۔۔" اندر سے ظفر کی آواز آئی۔

اس نے ہینڈل گھما کر دروازہ کھولا۔ ظفر آرام کرسی پر نیم دراز سگریٹ پی رہا تھا۔

"کیوں؟ کیا بات ہے۔۔"

"خود کشی کا ارادہ رکھنے والی عورت اردو میں کیا کہلائے گی۔۔" جیمسن نے بڑے ادب سے پوچھا۔

"کیا بکواس ہے ۔۔۔"

"بکواس نہیں۔ عورت ہے! کمرہ نمبر ایکسو تین میں۔ خودکشی کرنے کیلئے نیروبی سے آئی ہے۔ اس کے تئیں زہر پینا گھٹیا بات ہے۔ پستول کے دھماکے سے اُس کی جاپانی حس کو ٹھیس لگے گی۔ کسی اونچی عمارت سے چھلانگ اسے نہیں لگ سکتی کہ ایکروفوبیا میں مبتلا ہے۔ سمندر اس لیے ناپسند ہے کہ گندی مچھلیاں اُس کی لاش پر منہ ماریں گی ۔۔۔"

"تم جانتے ہو یار ۔۔۔"

"لہٰذا اُس نے فیصلہ کیا ہے کہ کسی گھنے جنگل میں جا گھسے گی۔ جہاں کوئی شیر یا چیتا اُسے چیر پھاڑ کھائے گا۔ کہتی ہے کہ وہ ایک شاندار موت ہوگی ۔۔۔"

"اوہ ۔۔۔" ظفر مضطربانہ انداز میں اٹھ کھڑا ہوا ۔۔۔ اور اُسے گھورتا ہوا بولا۔

"کمرہ نمبر کیا بتایا تھا ۔۔۔"

"ایکسو تین ۔۔۔ لل ۔۔۔ لیکن ۔۔۔" جیمسن ہکلا کر رہ گیا۔

"میرے ساتھ آؤ ۔۔۔" ظفر دروازے کی طرف جھپٹا! چچ چچ جیمسن بوکھلا گیا۔ اس قسم کے کسی رد عمل کا وہم و گمان بھی نہیں تھا۔ بہرحال وہ ظفر کے پیچھے پیچھے کمرہ نمبر ایکسو تین تک پہنچا۔

"یہی ہے نا ۔۔۔" ظفر نے مڑ کر آہستہ سے پوچھا۔

"ہے تو یہی ۔۔۔" جیمسن اُسے پُر تشویش نظروں سے دیکھتا ہوا بولا۔ اُس کا یہ رویہ سمجھ میں نہیں آیا تھا۔ وہ تو اُسے صرف ایک مجہول عورت کی موجودگی کی اطلاع دینا چاہتا تھا۔ اسکا تصور بھی نہ کر سکتا تھا کہ اس کے بارے میں سنتے ہی وہ اس طرح اس کی جانب دوڑ پڑے گا۔

ظفر نے دروازے پر دستک دی۔

"کم اِن ۔۔۔" اندر سے آواز آئی۔ ظفر نے ہینڈل گھما کر دروازہ کھولا۔

وہ سامنے ہی کھڑی تھی۔ ظفر کے پیچھے جیمسن کو دیکھ کر دھاڑی۔ "تم پھر آ گئے ۔۔۔"

"میرے باس بھی تمہاری زیارت کرنا چاہتے تھے۔" جیمسن جلدی سے بولا۔ اور ظفر نے آگے بڑھ کر کہا۔ "شیر دانتوں کو برش نہیں کرتا ۔۔۔"

"اوہ ۔۔۔" نبیلی کارڈوبا نے طویل سانس لی ۔۔۔ مسکرائی اور آگے بڑھ کر مصافحہ کرتی ہوئی بولی۔ "تم سے مل کر خوشی ہوئی ۔۔۔ لیکن کیا اس ڈاڑھی والے کی موجودگی ضروری ہے ۔۔۔"

"میرا اسسٹنٹ ہے ۔۔۔"

"میری رفاقت میں اس کی موجودگی ضروری نہیں ہے۔" نبیلی نے کہا۔

"تم اپنے کمرے میں جاؤ ۔۔۔" ظفر مڑ کر جیمسن سے بولا۔ اور جیمسن کی کھوپڑی ناچ کر رہ گئی ۔۔۔ کیا خوب ۔۔۔ زیارت ہی نہیں شاید قوالی بھی ہونے والی تھی ۔۔۔ لیکن کیا بات ہوئی۔ وہ اسی جگہ کھڑا متحیرانہ انداز میں پلکیں جھپکاتا رہا۔ آخر ظفر نے اُسے باہر دھکیل کر دروازہ بند کر دیا تھا۔

ٹھیک اسی وقت اُس نے راہداری میں کسی کو چھینکتے سنا! جھنا کر پلٹا۔ یہ ایک سیاہ فام آدمی تھا ۔۔۔ جیسے ہی جیمسن سے نظر ملی خاموش ہو گیا۔ لیکن مسکراہٹ بدستور قائم رہی۔ پھر اُس نے اشارے سے جیمسن کو اپنی طرف بلایا تھا۔

جیمسن آہستہ آہستہ آگے بڑھا۔ یہ سیاہ فام آدمی بھی ایک کمرے کے سامنے کھڑا ہوا تھا۔

"میں تین دن سے دیکھ رہا ہوں۔" وہ آہستہ سے بولا۔ "ہر ایک سے ایسا ہی برتاؤ کرتی ہے۔ خود ہی بلا کر کمرے میں لے جاتی ہے۔ اور پھر دھکے دے کر نکال دیتی ہے۔"

"تمہیں بھی تجربہ ہو چکا ہے۔" جیمسن نے پوچھا۔

"تبھی تو کہہ رہا ہوں۔ لیکن ابھی تک اُس نے کسی جنگل کا رخ نہیں کیا۔ میں فکرمند ہو رہا ہوں ۔۔۔"

"اوہ ۔۔۔ لیکن تمہیں کیوں باہر نکال دیا تھا ۔" جیمسن نے پوچھا۔
"میں کچھ ہی نہیں سکا! میں تو اسے یہ سمجھانے کی کوشش کر رہا تھا کہ مایوسی وقتی
چیز ہے ۔۔۔ بادلوں کی طرح ذہن پر چھا تی ہے۔ پھر مطلع صاف ہو جاتا ہے ۔
لیکن وہ بھڑک گئی اور مجھے کمرے سے نکال دیا ۔ تم نے کیا کہا تھا ۔۔"
"میں نے کہا تھا کہ شیری کا نشہ خراب ہو جائے گا ۔ تمہارا گوشت الگ ہو گیا ہے"
سیاہ فام آدمی نے زور سے قہقہہ لگایا اور بولا ۔ "تم ظریف معلوم ہوتے ہو ۔
یا پھر تم بھی شاعر ہو ۔۔"
"تمہاری شیری تھی ۔ مجھے آفر نہیں کی تھی ۔۔"
"کہاں سے آئے ہو ۔۔؟"
"جنالوا سے ۔۔"
"بزنس ۔۔؟"
"نہیں تفریحاً ۔۔"
"میرا نام مسولے ہے ۔۔۔"
"جیمسن" کہتے ہوئے اس نے مصافحہ کیا ، اور مسولے نے اسے اپنے کمرے میں آنے
کی دعوت دی ۔۔
"شکریہ! ضرور ۔۔۔ مجھے دوستوں کی ضرورت ہے ۔" جیمسن نے کہا۔
"لیکن میں تمہیں شراب آفر نہیں کر سکوں گا ۔۔" مسولا کرسی کی طرف اشارہ کرتے
ہوئے بولا ۔ "مسلم ہوں ۔۔"
"میں بھی نہیں پیتا ۔" جیمسن نے کہا ۔ "میں صوفی ہوں ۔۔"
"تب تو ہم بہت اچھے دوست ثابت ہوں گے ۔۔ تمہاری ڈاڑھی بہت خوبصورت ہے
"اس عورت نے بھی یہی کہا تھا اور پھر کمرے سے نکال دیا تھا ۔"
"ارے نہیں ۔۔" مسولا ہنس پڑا۔

"تو وہ تین دن سے یہاں ہے ۔" جیمسن نے پوچھا۔
"ہاں ۔ میں اس سے پہلے سے مقیم ہوں ۔ زنجبار میں میرا بزنس ہے ۔ آتا جاتا
رہتا ہوں ۔۔"
"تصوف سے دلچسپی ہے ۔" جیمسن نے سوال کیا۔
"میری چار بیویاں ہیں ۔ اس لئے کسی پانچویں چیز سے دلچسپی لینے کا سوال ہی
نہیں پیدا ہوتا ۔"
جیمسن نے اسے آنکھیں پھاڑ کر دیکھا تھا ۔ اس نے بھی اسے محسوس کر لیا اور
ہنس کر بولا ۔ "کیوں کیا بات ہے ۔۔؟"
"آخر چار بیویاں کیوں ۔۔"
"پھر اور کیا کرتا ۔ کوئی گیم وغیرہ بھی تو نہیں کھیلتا ۔۔"
"آخر بزنس کیلئے کیسے وقت نکال لیتے ہو ۔۔"
"بزنس تو ہوتا ہی رہتا ہے ۔۔"
"کمال ہے ۔۔۔ ایک میں ہوں کہ اسی فکر میں فرار ہوتا ہوں کہ کہیں شادی نہ
ہو جائے ۔۔"
"ارے ۔۔ تو کیا تمہاری شادی نہیں ہوئی ۔۔" مسولا اچھل پڑا۔
"نہیں ۔۔۔ ایک بھی نہیں ۔۔"
"یہ تو اچھی بات نہیں ہے ۔۔" مسولا نے پر تشویش لہجے میں کہا۔
"میرے لئے اچھی ہے ۔۔"
"میں تمہاری آنکھوں میں مایوسی اور بے بسی دیکھ رہا ہوں ۔ ذرا اپنا داہنا
ہاتھ تو آگے بڑھانا ۔۔"
"میں پامسٹری پر یقین نہیں رکھتا ۔"
"تمہیں یقین آجائے گا جب تمہیں پچھلی زندگی کے بارے میں بتاؤں گا ۔"

"تم کیسے مسلم ہو کر پامسٹری پر یقین رکھتے ہو۔۔۔"

"او ہاں۔۔ سچی بات تو یہی ہے۔ لیکن یہ ایک علم ہے"

"اسلامی نکتۂ نظر سے دریا برد کر دیا جانے والا علم۔۔"

"تم اسلام کے بارے میں خاصی معلومات رکھتے ہو۔۔۔"

"کیوں نہ رکھوں۔ میں بھی مسلم ہی ہوں۔۔۔"

"تو پھر یہ جیسن۔۔۔"

"اس سے کوئی فرق نہیں پڑتا۔ تم بھی تو مسوا ہو۔۔۔ یہ عربوں کا سا نام تو نہیں ہے"

"تم تو قائل ہی کر دیتے ہو۔۔۔ زنجبار میں میری پامسٹری دانی کی دھوم ہے۔ اب میں کیا کروں گا۔۔"

جیسن کچھ نہ بولا مسلسل اس امریکی عورت کے بارے میں سوچے جا رہا تھا۔ اور پھر ظفر کا رویہ تو۔۔۔ لیکن ظفر کا رویہ ہی کیوں؟۔۔۔ وہ تو خود اسی عورت نے اُسے روکا تھا۔ پوری گفتگو اُسے یاد آ گئی۔ ظفر نے یہی تو کہا تھا کہ شیر دانتوں میں برش نہیں کرتا۔۔ اس پر وہ بُری طرح چڑ گئی تھی۔ اور پھر خود جیسن کو وہاں نہیں ٹھہرنے دیا گیا تھا۔ شیر دانتوں کو برش نہیں کرتا۔ کیا بات ہوئی۔۔؟

"تم کیا سوچنے لگے۔۔۔ کافی منگواؤں۔۔۔" مسوا بولا۔

"کوئی مضائقہ نہیں۔ ہاں کیا وہ عورت تنہا ہی ہے۔۔"

"اُس کا خیال دل سے نکال دو۔ مجھے تو وہ پاگل ہی معلوم ہوتی ہے"

"پاگل پن ہی کی وجہ سے تو اس میں دلچسپی لے رہا ہوں۔۔"

"لیکن میں تمہیں یہی مشورہ دوں گا کہ اس سے دور رہو۔۔۔ اب تک کئی آدمیوں کو اپنے کمرے میں لے جا کر باہر نکال چکی ہے۔۔۔"

مسوا نے فون پر روم سروس سے کافی طلب کی تھی۔۔۔

"جہاں دارالسلام کی فضا میں عجیب سی خوشبو محسوس ہوتی ہے" جیسن نے کہا۔

"ادہو۔۔۔ خوشبوؤں کا تجربہ کرنا ہے تو میرے ساتھ زنجبار چلو۔۔ ہواؤں میں بھی خوشبو ہر وقت بچی بسی رہتی ہے۔ بس ایسا لگتا ہے جیسے تم مسالوں کے جنگل میں داخل ہو گئے ہو۔۔۔ یہاں سے صرف بیس منٹ کی فلائٹ ہے۔۔ لیکن وہاں تمہیں نیم عریاں یا شیشے جیسا لباس پہننے والی عورتیں نظر نہیں آئیں گی۔ ہم لوگ اس کا سختی سے نوٹس لیتے ہیں۔ سیہ فام عورتوں کو بھی اپنا پورا جسم ڈھانکنا پڑتا ہے۔۔"

"تب پھر وہاں جانے سے کیا فائدہ۔۔۔" جیسن نے مایوسانہ لہجے میں کہا۔

"ابھی تو بہت زور و شور سے مسلم بن رہے تھے۔۔۔"

"دنیا کے دوسرے مسلموں سے مختلف نہیں ہوں۔ جہاں اپنے نفس کو ذبح کرنا پڑتا ہے۔ وہاں ہم اسلام کا نام ہی نہیں لیتے۔۔۔"

"یہ تو کوئی بات نہ ہوئی۔۔۔"

"بات ہو یا نہ ہو۔۔۔ حقیقت یہی ہے۔۔۔۔"

"خیر۔ تو ہم زنجبار کی بات کر رہے تھے۔۔"

"فرصت ملی تو دیکھ لیں گے زنجبار بھی۔۔۔۔"

"فرصت کی بات کرتے ہو۔۔" مسوا نے حیرت سے کہا۔ "ایسے تفریح ہی کیلئے تو آئے ہو۔۔"

"جہاں عورتیں پورا لباس پہنتی ہوں۔ وہاں تفریح کا سوال ہی نہیں پیدا ہوتا۔"

"امریکی تہذیب کے مارے ہوئے لگتے ہو۔۔"

"بیچارہ امریکہ مفت میں بدنام ہے۔ ایسے ایڈورٹس اور آرٹیک کے نام پر عورت کا ننگا پن عالمی تہذیب بن چکا ہے۔۔"

"اب شاید تم سیاست پر اُتر آؤ گے۔۔۔ میں اپنے الفاظ واپس لیتا ہوں۔۔"

اتنے میں روم سروس کا ویٹر کافی لے آیا تھا اور بات خود بخود ختم ہو گئی تھی۔

وہ کافی پیتے رہے۔ پھر اچانک باہر سے شور سنائی دیا تھا۔ وہ دونوں اپنی اپنی پیالیاں میز پر چھوڑ کر اٹھ گئے۔ راہداری میں آ گئے۔ یہاں لیلی اپنے دروازے میں کھڑی چیخ رہی تھی۔ اور ظفر الملک لمبے لمبے قدم اٹھاتا ہوا اپنے کمرے کی طرف جا رہا تھا۔ جیمسن نے ظفر کی جانب سے منہ پھیر لیا۔

"احمق... الو... غیر مہذب..." لیلی چیخے جا رہی تھی۔ "کسی میں آداب سلیقہ نہیں ہے کہ وہ کبھی بزرگوں کا دل رکھ سکے..."

پھر اس نے زوردار آواز کے ساتھ دروازہ بند کیا تھا۔ کئی اور لوگ بھی اپنے کمروں سے نکل آئے تھے۔

"تمہارے بعد اور کوئی بیوقوف بھی پھنسا تھا؟" سونا نے جیمسن سے کہا۔

"چلو کافی ختم کر لیں..."

"یہ عورت میری سمجھ میں نہیں آ رہی..." جیمسن بڑبڑایا۔

وہ پھر کمرے میں واپس آ کر کافی پینے لگے تھے۔ اور سونا نے کہا تھا۔ "گرول یہ بھی کہ وہ کب جائے گی کسی شیر سے ملاقات کرنے..."

"کسی چکر میں ہے..."

"کیا چکر ہو سکتا ہے..."

جیمسن کچھ نہ بولا۔ وہ سوچ رہا تھا کہ شیر کے دانتوں میں برش کرنے کی کوشش نے کوئی دوسرا رخ تو نہیں اختیار کر لیا۔ وہ جلد سے جلد ظفر الملک تک پہنچنا چاہتا تھا۔ کافی ختم کر کے اٹھتا ہوا بولا۔ "اچھا دوست! بہت بہت شکریہ! پھر ملاقات ہوگی..."

"نہ بجانے چلنے کے بارے میں سوچنا..." سونا نے مصافحہ کرتے ہوئے کہا۔

"ضرور... ضرور..."

وہ سونا کے کمرے سے نکل کر تیر کی طرح ظفر کے کمرے کی طرف گیا تھا۔ دروازے

پر دستک دی۔

"آ جاؤ..." اندر سے آواز آئی۔

ظفر اسے دیکھ کر مسکرایا تھا۔ جیمسن دروازے کے قریب ہی کھڑا اسے عجیب نظروں سے دیکھتا رہا۔

"کیا بات ہے...؟"

"کچھ نہیں یور ہائی نس... دیکھ رہا تھا کہ کہیں آپ نے اسے زندہ رہنے پر تو مجبور نہیں کر دیا..."

"کل صبح ہم دونوں مسانی دلیجیا جا رہے ہیں..."

"لیکن وہ تو اس طرح چیخ رہی تھی جیسے آپ نے کوئی بدتمیزی کی ہو..."

"دکھاوے کی بات تھی..."

"کیا مطلب...؟"

"مطلب یہ کہ اپنے عام رویے میں فرق نہیں آنے دینا چاہتی تھی..."

"میں اب بھی نہیں سمجھا جناب والا..."

"ہم یہاں اسی عورت کے لیے آئے ہیں..."

"میں نہیں سمجھ سکا کہ ہم میں سے شیر کون ہے..."

"بکواس مت کرو... وہ ہمیں ایسی ہی گفتگو سے شناخت کر سکتی..."

"اور اس نے شناخت کر لیا..."

"بالکل کر لیا۔ کیا تمہیں یاد نہیں کہ میں نے شیر کے دانتوں اور برش کا حوالہ دیا تھا..."

"اس ملاقات کے لیے یہی جگہ کیوں منتخب کی گئی..."

"یہاں مجھے ایک آدمی کو تلاش کرنا ہے..."

"وہ عورت ہے کون اور کہاں سے آئی ہے..."

"میں نہیں جانتا۔ اور آپ کو بھی علم نہ ہونا چاہئے کہ ہم کون ہیں اور کہاں سے آئے ہیں۔۔۔!"

"اتنی رازداری۔۔۔ لیکن میں تو آپ کو بتا چکا ہوں۔۔۔!"

"کیا بتا چکے ہو۔۔۔" ظفر چونک کر بولا۔

"یہی کہ وطن [illegible] ہمارا وطن ہے۔۔۔!"

"ہوں۔۔۔" ظفر نے طویل سانس لی اور چند لمحے خاموش رہ کر بولا: "تم یہیں ٹھہرو گے۔ مسلان میں اس کے ساتھ جاؤں گا۔۔۔!"

"خدا کا شکر ہے۔ اس نامعقول عورت کے ساتھ ایک منٹ بھی نہیں گزار سکتا۔ ویسے یہ مسلان دیکھنا ہے کہ مصر۔۔۔"

"یہاں سے پانچ یا چھ میل کے فاصلے پر ہے۔ ایک [illegible] سی بستی ہے وہ۔ کچھ قدیم عمارات اور مقابر بھی ہیں وہاں۔۔۔!"

"۔۔۔ مجھے قدیم عمارات سے دلچسپی ہے اور مقبروں سے۔ لیکن کیا آپ کو پہلے سے علم تھا کہ آپ کو مسلان دیکھنا ہوگا۔۔۔"

"نہیں۔۔۔ وہ عورت لے جائے گی۔ ہمیں صرف اس عورت سے تعاون کرنے کے لئے بھیجا گیا ہے۔۔۔!"

"اور اسی سے یہ بھی معلوم ہوا ہوگا کہ کس آدمی کو تلاش کرنا ہے۔۔۔؟"

"ہاں۔۔۔ یہی بات ہے۔۔۔"

"واپسی کب تک ہوگی۔۔۔!"

"کام ہو جانے پر۔۔۔ رات یہیں بسر ہوگی۔۔۔"

"اسی کے کمرے میں یا اپنے کمرے میں۔۔۔"

"فضول بکواس نہیں بھاگ جاؤ۔۔۔!"

"اگر میں یہ جانتا کہ مجھے تنہا رہ جانا پڑے گا تو ہرگز یہاں نہ آتا۔۔۔!"

"تم اپنی مرضی کے مالک ہو۔" ظفر الملک نے سخت لہجے میں سوال کیا۔

"جب تو ہم زبردستی بھیجے گئے ہیں۔ آخر ہم ہی کیوں۔۔۔ دوسرے بھی تو تھے۔۔۔!"

"جاؤ۔۔۔ خدا کے لئے میں بڑی تھکن محسوس کر رہا ہوں۔۔۔!"

"ایک منٹ۔۔۔" جیمسن ہاتھ اٹھا کر بولا۔ "کیا یہ ضروری ہے کہ آپ واپس ہی آ جائیں۔۔۔!"

"کیا مطلب ہے؟"

"جس معاملے میں اتنی رازداری برتی گئی ہے وہ کوئی بہت ہی اہم معاملہ ہوگا۔ اور رازداری اسی وقت برتی جاتی ہے جب دوسروں کی [illegible] کا بھی خدشہ موجود ہو۔۔۔!"

"ہوں۔۔۔ تو پھر۔۔۔!"

"ہو سکتا ہے کہ ایسی صورت میں آپ یقینی نہیں کہہ سکتے کہ رات یہیں بسر ہوگی؟"

"کہنا کیا چاہتے ہو۔۔۔!"

"[illegible] میرے حوالے کیجئے اور مجھے ہدایت فرمائیے کہ اگر آپ کی واپسی نہ ہو تو مجھے کیا کرنا ہوگا۔۔۔!"

"میں اتنی دور کی بات سوچنے کے موڈ میں نہیں ہوں۔۔۔!"

"اسی کی تو وجہ ہے۔۔۔" جیمسن مسکرا کر بولا۔ "اگر [illegible] کوئی لونڈا خوبصورت مرد ہوتا تو آپ قیامت تک کی خبر لاتے۔۔۔!"

"بکواس بند۔ چلے جاؤ۔۔۔!"

"جا رہا ہوں لیکن یہ بات سنجیدگی سے کہہ رہا ہوں کہ مجھ پر صرف ہونے والی رقم کے بارے تحریر کر دیجئے۔ ورنہ میں یہاں بیٹھا بیٹھا مکھیاں ماروں گا۔۔۔!"

"اچھا اب جاؤ۔ لیکن تم اخراجات کے معاملے میں محتاط رہو گے۔۔۔"

"۔۔۔ شکر گزار ہوں، ورنہ عادی تو ہم کا شرابی نہیں۔۔۔ کبھی کبھار تھوڑی سی پی لیا کرتا"

تھا۔ ادھر جیسے تصوف میں پڑا ہوں بیزنگ منیں پل بھی کسی وجود پہ قناعت
کر رہا ہوں۔۔۔۔"

"ٹھیک سمجھا۔۔"

"اگر اجازت ہو تو آپ سے ذرا دیر گفتگو کرتا رہوں۔"

"ہرگز نہیں۔۔ وہ تمہیں پہچانتی ہے۔۔۔"

"او کے، گڈ نائٹ۔۔۔ جیمس نے کہا اور دروازہ کھول کر راہداری میں
نکل آیا۔۔

سوما پر نظر پڑی وہ کہیں جانے کے لیے اپنے کمرے سے نکلا تھا۔ اسے دیکھ کر
رک گیا۔

"تمہارا کمرہ تو شاید ادھر ہے۔۔" اس نے کہا۔

"ہاں۔۔۔ اس کمرے میں میرا ساتھی ہے۔" جیمس بولا۔

"ہاں۔۔۔" اس نے حیرت سے کہا۔ "لیکن تم نے پہلے تو نہیں بتایا تھا۔"

"اس کی بات ہی نہیں نکلی تھی۔۔"

"اور میرا خیال ہے کہ وہ آدمی اسی کمرے میں داخل ہوا تھا جسے کچھ دیر پہلے
اس عورت نے اپنے کمرے سے نکالا تھا۔"

"ہاں۔۔ وہ میرا ساتھی ہی تو تھا۔ بہت رحمدل آدمی ہے۔ اسے خودکشی سے
باز رکھنے کی کوشش اس نے بھی کی ہوگی۔۔"

"یہ عورت میرے لیے دردِ سر بن گئی ہے۔" سوما نے کہا۔

"کیوں؟ تمہارے لیے کیوں۔۔؟"

"اسی انتظار میں یہاں مقیم ہوں کہ اس کا حشر دیکھ لوں۔۔ ورنہ بہت مصروف
آدمی ہوں۔۔"

"اچھا تو چلو کہیں بیٹھ کر کوئی تدبیر سوچیں۔"

"تمہارا ساتھی یہاں کیا کرتا ہے۔"

"ایک شپنگ کمپنی کا پریزیڈنٹ ہے۔۔"

"اوہ اچھا۔۔"

"اور ایک تجارتی معاہدے کے سلسلے میں یہاں آیا ہے لیکن میں آوارہ گرد ہوں۔۔"

"یہ بڑی اچھی بات ہے۔۔ تب تو تم ہمارا ساتھ دے سکو گے۔"

"ہو سکتا ہے۔۔ میں بھی ذرا آسمان دیکھنا چاہتا ہوں لیکن کہاں جاؤں؟"

"میرے ساتھ چلو۔۔ میں باہر ہی جا رہا تھا۔" سوما نے کہا۔

جیمس نے سوچا چلو یہ بھی اچھا ہے نکل بھاگے۔

دوسرے دن وہ طویل سفر پر پہنچے تھے۔ سوما بہت خوش معلوم ہوتا تھا جیمس
نے محسوس کیا جیسے اسے کوئی خوشی اس طرح مل بیٹھنے ہی کی ہو۔ سوما کے انداز سے
بھی یہی ترشح ہو رہا تھا۔

"آج کی رات کو ہم بار میں گزاریں گے۔" سوما نے کہا۔ "تم میرے مہمان ہو۔"

"بہت بہت شکریہ۔" جیمس بولا۔ "میں خوش قسمت ہوں کہ ایک اجنبی
دیس میں مجھے ایک تم جیسے ساتھی کی محبت مل گئی۔۔"

"وہاں نائٹ کلب میں ایک ریسٹورنٹ اور ہے۔ پہلے وہیں چلتے ہیں۔ وہاں کچھ
دیر تفریح رہے گی۔۔۔ پھر وہاں سے کہیں اور چلیں گے۔ میری گاڑی بھی یہیں ہے۔"

"تمہاری مرضی۔۔ جیسے چلو۔۔ میں تو دنیا دیکھنے نکلا ہوں۔۔"

اندھیرا پھیل رہا تھا۔ اور دور دراز تک رنگا رنگ روشنیوں سے جگمگانے لگا تھا
وہ ٹیکسی میں بیٹھ کر نائٹ کلب کی طرف روانہ ہو گئے۔

⁂

دروازے پر دستک ہوئی اور ظفر ملک چونک پڑا۔ اندر سے [illegible]
مقفل کر چکا تھا۔ اس لیے اٹھنا پڑا۔ اس کی دست [illegible] حسین کے علاوہ
اور کون ہوتا۔ اس لیے حسن خاموشی سے منتظر ہو [illegible] بجلی سے [illegible]
کھینچ کر قمیص کے [illegible] گھمائی تھی۔ لیکن دوبارہ کھٹکے ہی [illegible]
چھوڑ دینے پڑے تھے۔ وہ حسین نہیں تھا۔ سلمی کارڈوبا تھی۔

"تت۔۔۔ تم۔۔۔!"

"ہاں مجھے [illegible] آنے دو۔" وہ آگے [illegible] پھر [illegible]
داخل ہو کر اس نے دروازہ بند کیا تھا اور چہرے پر گہری گھبراہٹ تھی۔

"تم کچھ پریشان نظر آ رہی ہو۔" ظفر نے کہا تو [illegible]
"ہاں۔ ایک نئی بات ہوئی ہے۔" وہ کرسی پر بیٹھ کر [illegible] بولی "مجھے
ابھی ابھی ایک گمنام کال موصول ہوئی ہے۔۔۔!"

ظفر ملک خاموشی سے اسے دیکھتا رہا۔ وہ تھوڑی دیر خاموش رہ کر بولی
"کہنے والے نے کہا تھا کہ وہ میرے لیے ایک ایسے تیر کا [illegible]
جو [illegible] رکھتا ہے۔ جنگل میں جانے کی ضرورت نہیں
مجبور [illegible] کر سکتا ہے کہ [illegible] پہنچا دیا جائے۔۔۔!"

"پھر تم نے کیا کہا۔۔۔؟"

"میں کیا کہتی۔ خود اسی نے کہا تھا کہ آدھے گھنٹے بعد پھر رنگ کرے گا۔ ان
دونوں میں مجھے فیصلہ کر لینا چاہیے۔۔۔!"

"کس بات کا فیصلہ۔۔۔؟"

"ظاہر ہے کہ جنگل کا رخ کرنا پسند کرو گی یا کسی چیکس کے مطابق کر[illegible]

"میں سنجیدہ۔۔۔!"

"بس۔" ظفر ہاتھ اٹھا کر بولا۔ "تم جس قسم کی باتیں ہم لوگوں سے کرتی رہی ہو
ان کا [illegible] ہونا چاہیے۔ اب کوئی چیز [illegible] نکل گیا ہے۔"

"میں [illegible] دونوں سے یہی باتیں کرتی رہی ہوں۔"

"اب [illegible] سوچنا پڑے گا۔۔۔"

[illegible] ایسا کیوں ہوا۔ اور پھر میں جب کبھی سے [illegible] قسم
کی [illegible] ظاہر کرنے والی تھی جیسے میں بہت زیادہ [illegible]

[illegible]

"عجیب [illegible] تھا۔" ظفر بولا۔ "اس طرح تو تم نے بھی اچھی خاصی [illegible]"

"مجھے کیا [illegible] لیکن [illegible] کہ تم [illegible] سے ملاقات ہو سکتی؟"

"تم دونوں سے نہیں [illegible] احمق [illegible] ہو سکتے۔"

"یہی میں بھی سوچتی رہی ہوں۔۔۔!"

[illegible]

"کیا سوچ رہے ہو۔۔۔"

"مجھے [illegible] بغیر منصوبہ [illegible] کر سکتا۔"

[illegible] ضروری [illegible] جو کچھ میرے ذہن میں ہے۔ اسے
کسی [illegible] کہ تم بہرحال ایسی ہی [illegible] آدمی ہو
ورنہ ہماری ملاقات کیوں ہوتی۔۔۔!"

ظفر [illegible] چاروں طرف دیکھ کر بولا "کیا تم کچھ یاد کرو گی
بھی نہیں۔"

"میں تو [illegible] بھی [illegible]۔۔۔!"

"کہاں [illegible] ہو۔ [illegible] مجھے تو [illegible]۔۔۔!"

ظفر نے فون پر مادام سروس سے رابطہ قائم کر کے لسلی ہی کے متوسط سے کرنا کال طلب کی تھی۔ لسلی نے تھوڑی دیر بعد کہا۔

"اس آدمی کی نشاندہی ہو جانے کے بعد میں تمہیں [illegible] سے تلاش کر سکتی تھی۔ آخر تم اتنی دور سے میرا ساتھ دینے کیوں آئے ہو۔۔۔"

"ہاں یہ بات بھی غور طلب ہے۔۔۔"

"کیا یہ ممکن نہیں کہ جاناکیسپ کچھ نامعلوم لوگوں کو اپنی طرف متوجہ کرنا چاہتا ہو۔ ممکن ہے۔۔۔"

"مجھے یہی ہدایات ملی تھیں کہ [illegible] تمہارے کمرے والوں سے [illegible] کی باتیں کروں اور انہی باتوں کے توسط سے تم سے اچانک ملاقات ہو جائے گی۔ اور مجھ سے کہا گیا تھا کہ: ہوٹل اور ٹرین کا حوالہ دینے والا ہی وہ آدمی ہوگا جس سے مجھے مل بیٹھنا ہے۔۔۔"

"اب تم خود سوچو کیا مجھے صرف تمہارے کمرے کا نمبر نہیں بتایا جا سکتا تھا۔ میں سیدھی تمہارے پاس پہنچ جاتی۔۔۔"

"بالکل! مجھے بھی تمہارے پاس اسی طرح بھیجا جا سکتا تھا۔۔۔"

کسی نے دروازے پر دستک دی۔ غالباً مادام سروس کا آدمی تھا۔ ظفر نے اٹھ کر دروازہ کھولا۔

ویٹر نے شراب اور اس کے لوازمات میز پر رکھ دیا۔ اور لسلی سے بولا "کیوں نہ اس سامان سمیت تمہارے ہی کمرے میں چلیں۔۔۔"

"کیوں۔ یہاں بیٹھنے میں کیا خرابی ہے۔۔۔"

"آدھے گھنٹے بعد اس نامعلوم آدمی کی کال آنے لگی۔۔۔"

"اس سے بچنے کے لیے تو میں یہاں آئی ہوں۔۔۔" لسلی نے کہا اور اس کے ہاتھ سے بوتل لے کر اس کی سیل توڑنے لگی۔

"تو پھر تم یہیں بیٹھو میں تمہارے کمرے میں اس کی کال کا انتظار کروں گا۔۔۔"

"کیسے ممکن ہے۔۔ ایسے حالات میں ہم دونوں میں سے کسی کا بھی تنہا رہنا مناسب نہیں ہے۔۔۔"

"[illegible] ہے تمہارے آدمیوں نے تمہیں تنہا کیوں بھیج دیا۔۔۔"

"تم [illegible] نام لیتے ہو کہ مجھے الجھن ہونے لگتی ہے۔۔۔"

"[illegible] دوسری ملاقات ہے۔۔۔"

"تم [illegible] دلچسپ [illegible] ثابت ہوا تھا۔ [illegible] نے [illegible] ایک ہی کیوں نہیں مر گئی تھیں یہاں [illegible] تھی۔۔۔"

"اس [illegible] عورتوں کے معاملے میں کوئی [illegible] [illegible] چسکیاں لینے لگی تھی۔

"[illegible]۔۔۔" اس نے کچھ دیر بعد کہا۔

"[illegible] کو [illegible] کرنے کا [illegible] [illegible] سے رابطہ قائم کر کے [illegible] میں کہا۔ [illegible] [illegible] مادام نمبر بتانے کے [illegible] [illegible]۔۔۔"

"[illegible] کی طرف۔۔۔"

"[illegible]۔۔۔" وہ اس کی آنکھوں میں دیکھتی ہوئی مسکرائی۔۔

"[illegible] ہے۔" ظفر نے کہا۔ "اگر ہم نے اپنے رویے سے کسی کی توجہ [illegible] [illegible] تو وہ [illegible] نہیں ہو سکتا کہ براہ راست چھیڑ چھاڑ [illegible]۔۔۔"

"[illegible]۔۔۔" پھر وہ چپ رہی تھی اور ادھر ادھر کی باتیں ہوتی رہی

نہیں۔۔۔ آدھے گھنٹے سے زیادہ گزر گیا لیکن فون کی گھنٹی نہ بجی۔

ظفر اپنی گھڑی دیکھتا ہوا بولا۔ میرا پہلا ہی خیال درست تھا کسی نے چھیڑا تھا تمہیں۔۔ تم خواہ مخواہ سنجیدہ ہو گئیں۔۔!

"اور کچھ اب میں اپنے کمرے میں واپس جاؤں۔۔۔"

"ظاہر ہے۔۔!"

"تم اخلاقاً بھی رکنے کو نہ کہو گے۔۔"

"اگر ڈیوٹی پر ہوتا تو ضرور درخواست کرتا۔۔!"

"عجیب آدمی ہو۔۔"

"عجیب نہیں، میرا اصول۔ کبھی اس وقت [illegible] دیکھنا جب ڈیوٹی پر ہوں۔"

وہ بُرا سا منہ بنا کر اُٹھی۔۔ دروازے کی طرف بڑھی۔

"پہلا فون بھی لیتی جاؤ، میرے لئے بیکار ہے۔۔!" ظفر نے کہا۔

"رکھو۔۔ میں دوسری بار آؤں گی تو تمہیں لنگوٹی نہیں پہنا دوں گی۔" اُس نے کہا اور کمرے سے نکل گئی۔۔!

ظفر نے [illegible] [illegible] کر [illegible] سونے کی [illegible] وہیں جائے گی۔

پھر سونے کی بجائے کرسی پر [illegible] دروازے کی طرف بڑھا! اس بار اسے یقین تھا کہ جیسن ہی ہوگا۔

لیکن دروازہ کھولنے پر پھر لیلی کا [illegible] طویل سانس لی اور ہونٹ بھینچے اسے دیکھتا رہا۔

"کسی نے میرا کمرہ اُلٹ پلٹ کر دیا ہے۔۔" وہ ہانپتی ہوئی بولی۔

"اندر آجاؤ۔۔۔" ظفر پیچھے ہٹتا ہوا بولا۔

"لیکن۔۔

"اب ہی جاؤ ورنہ کہیں کوئی تمہیں بھی اُلٹ پلٹ کر رکھ دے۔۔!"

"بک بک۔۔ کیا مطلب۔۔؟" وہ بوکھلائی ہوئی اندر داخل ہوئی۔

ظفر دروازہ بند کر کے اس کی طرف مڑا اور بولا۔ "پتا نہیں اُن لوگوں نے کیا سمجھ کر تمہارا انتخاب کیا تھا۔۔!"

"ہم۔۔ میں۔۔ نہیں سمجھی۔۔!"

"تم مجھے بلیڈ ورکر نہیں معلوم ہوتیں۔۔!"

"تمہارا خیال درست ہے۔۔" وہ طویل سانس لے کر بولی اور بیٹھ گئی۔

"تمہارے کاغذات کہاں ہیں۔۔؟"

"وہ تو اس وقت میرے ساتھ ہی تھے۔ اس وقت بھی تھے جب میں یہاں تمہارے پاس تھی۔ اور اب بھی ہیں۔۔!"

"پھر کسی کو تمہارے کاغذات ہی کی تلاش تھی۔۔!"

"ہو سکتا ہے۔۔!"

"اب مجھے سچی بات بتا دو۔۔!"

"کیا مطلب۔۔؟"

"کیا تمہیں [illegible] ولینچ میں کسی کی تلاش کرنی ہے۔۔!"

وہ تھوڑی دیر تک ہونٹوں پر زبان پھیرتی رہی اور ظفر جواب طلب نظروں سے دیکھتا رہا۔۔

"نہیں۔۔ تم کو سوالات کرنے کا اختیار نہیں ہے۔" وہ کسی قدر طیش میں آکر بولی۔

"[illegible] حیثیت تمہیں [illegible] تھی اس لئے مجھے ایسے سوالات کرنے کا حق پہنچتا ہے۔۔!"

"میں اس کے علاوہ اور کچھ نہیں جانتی کہ مجھے ٹنگوسانی ولینچ تک لے جانا ہے۔۔!"

"اور کسی آدمی کی تلاش۔۔!"

"یہ میرا اپنا اندازہ تھا۔۔۔!"

"بس اب کچھ نہیں پوچھوں گا۔۔۔"

"اوہ۔ تو کیا میرا جواب اتنا ہی واضح تھا۔۔۔!"

"ہاں مجھے جو کچھ معلوم کرنا تھا کر چکا۔ تم فیلڈ ورکر ہو۔ اور کسی مہم سر تمہارے سپرد کیا گیا ہے۔۔۔"

"اس بارے میں تمہارا کیا خیال ہے۔۔۔!"

"میں کیونکہ تجربہ کار فیلڈ ورکر ہوں اس لئے مجھے اپنی آنکھیں مکمل کھلی رکھنی

تم نے کس بات سے اندازہ لگایا کہ میں فیلڈ ورکر [illegible] ہوں۔۔۔"

"فیلڈ ورکر ہوتے ہیں وہ محض اتنی سی بات پر دہشت زدہ ہو جاتے ہیں۔ کسی نے تم کو اشارہ کر دیا ہے۔ تم ضرورت سے زیادہ ایک مخصوص کام کی [illegible]"

"واقعی بہت ہوشیار ہو۔۔۔" وہ مسکرا اٹھی۔

"اس طرح تمہارا سیاحت کا شوق بھی پورا ہو جائے گا اور شاندار ہوٹلوں کا [illegible] ملے گا۔۔۔!"

"میں سمجھی نہیں۔۔۔"

"اب شاندار سیاحت کا [illegible] لئے جانے کی بھی ضرورت نہیں ہے میری [illegible] عورت کے فیلڈ ورکر ان کے پیچھے لگ گئے ہوں گے جس سے تم [illegible] دی۔۔۔۔!"

"مجھے اس قسم کے نتائج اخذ کرنے کو کہیں کب کہا گیا تھا۔۔۔!"

"نہیں تو اس کا خیال بھی نہیں آ سکتا۔ نتائج کیا اخذ کرو گی۔۔۔!"

"مسٹر۔ مجھے واقعی بہت افسوس ہو رہا ہے اس لئے اب میں اس کمرے میں جا کر سو جاؤں گی۔۔۔"

"تو جاؤ۔۔ بیڈ روم میں سو جاؤ۔۔۔" ظفر نے پچھلے دروازے کی طرف اشارہ

وہ اس سے میرا [illegible] اور بیڈ روم میں چلی گئی۔ ظفر صوفے پر لیٹ گیا۔ تھوڑی دیر بعد وہ پھر بیڈ روم کے دروازے میں نمودار ہوئی اور ظفر سے بولی "تم بھی سو جاؤ۔۔۔"

"میں تھوڑی دیر اپنی ڈیوٹی پر ہوں۔۔۔"

وہ [illegible] کی قدر [illegible] کے واپس چلی گئی۔

ظفر [illegible] لیٹے ہی تھا [illegible] کی گھنٹی بجی۔۔۔ ظفر نے ریسیور اٹھا لیا۔ دوسری طرف سے [illegible] کی آواز سنائی دی۔ وہ کمرہ [illegible] اور وہ [illegible] تیری قریب [illegible] کا [illegible] کے حوالے کر دیا جائے گا۔

"[illegible] ہے۔"

"[illegible] آہستہ لیٹ رہا ہوں۔ مگر اخبار سیٹ اوڑھ میں کھیلتا تھا۔"

"وہاں تجھے کچھ [illegible] دو۔"

"مجھے [illegible] کی واپسی کی ہے۔ یہیں میں بیٹھا ہوں۔ جیسے ہو گی!"

"آیا تو [illegible]۔۔۔"

"[illegible] ضرورت ہے۔ مسٹر ظفر [illegible] اپنی بس۔۔۔ فرق نہیں کہ بے وجہ کی [illegible] ہو جاتے ہیں۔۔۔"

"[illegible] کی طرح [illegible] تھا۔۔۔"

"صاحب [illegible] آپ [illegible] میں تشریف لے جائیں ورنہ وہ پھر آپ کی [illegible] نکال دے گی۔۔۔!"

"کیا مطلب۔ [illegible] جاؤ۔۔۔!"

"آپ سمجھتے ہیں [illegible] میں یہاں اس وقت ایک ایسے بزرگ کی خدمت میں حاضر ہوں۔ تو مجھے آپ [illegible] سمجھتے ہیں۔۔۔!"

...ری نہیں سمجھا۔

[illegible] بات ہے کہ آپ اتنے فاصلے سے [illegible] دوربین [illegible] ہوں۔ ویسے یقین کہ کالے جادو کے بارے میں سنا ہی رہا تھا بلکہ آج آنکھوں سے دیکھ رہا۔ عجیب غریب [illegible] رنگ ہیں۔!

عمران کچھ کہنے ہی والا تھا کہ دوسری طرف سے سلسلہ منقطع ہونے کی آواز آئی۔ ریسیور رکھ کر وہ تیزی سے مڑا تھا اور کمرے کی ایک ایک چیز [illegible] لگا تھا۔ جلد ہی [illegible] عدد چھوٹے چھوٹے اسٹیکرز [illegible] دریافت کر لئے۔ لیکن [illegible] جوں کا توں بنے رہا۔

تو اس کا یہ مطلب ہوا کہ اس قسم کے [illegible] لیلی کے کمرے میں بھی موجود ہوں گے اور ان کی ساری گفتگو کہیں اور سنی گئی ہوگی۔ وہ سوچ رہا تھا لیکن یہ جیمسن [illegible] ذرائع سے کسی ایسی جگہ پہنچ گیا۔ بہرحال اس کا مطلب تھا کہ وہ [illegible] ہے۔ پتا نہیں کیا معاملہ تھا۔ اس نے [illegible] بارے میں جو کچھ بھی بتایا تھا اس میں ذرہ برابر بھی جھوٹ نہیں تھا۔

جیمسن حیرت [illegible] ہدایات براہ راست اپنے چیف ایکسٹو سے ملتے تھے اور [illegible] ہدایات [illegible] فراہم کئے تھے۔ اور یہ بھی بتایا تھا کہ یہاں [illegible] کیا کرنا ہے۔ وہ عورت بھی مل گئی تھی۔ لیکن اس کی توقعات کے خلاف وہ خود بھی اسی کی طرح [illegible] مراحل سے [illegible] ثابت ہوں۔ بس دارالسلام سے [illegible] تک جانا تھا۔ اس کے بعد [illegible] آؤٹ۔۔۔ وہ کبھی نہیں سوچ سکتی [illegible] کیا [illegible] جانے کے سلسلے میں بھی اسی نے بتایا تھا [illegible] پہلے سے علم نہیں تھا۔ دفعتہً وہ چونک پڑا۔ ایک خیال ذہن میں سر ابھارا تھا۔ کیا ضروری ہے کہ یہ حقیقتاً وہی عورت ہو جس سے اسے ملنا تھا۔ اس نے ابھی تک اس کا [illegible] دیکھا ہے اور نہ دوسرے کاغذات۔ کمرے میں [illegible]

کی [illegible] اس عورت کے بارے میں وہ تمام دستاویز بھی طلب کر کے دیکھ [illegible] سے زیادہ قطعی سرزد ہوئی تھی۔ پہلی ہی ملاقات پر کاغذات دیکھ لینے چاہئیں [illegible] ہونا چاہئے تھا۔ شخص شناختی علامات کافی نہیں ہوتیں [illegible] یہی صورت [illegible] کہ وہ مخصوص زبان سے ادا کئے جانے والے الفاظ ہوں [illegible] استعمال کرنے کا مجاز تھا تو وہ کاغذات کی طلب کر سکتا تھا۔ [illegible] بہرحال [illegible] کاغذات دیکھنے پر ہی [illegible] ہے تو اس کا مطلب یہ ہوگا جس عورت سے اسے ملنا تھا [illegible] دوسری عورت [illegible] کا متعلقہ ادارے [illegible] غائب کر کے اس کی جگہ اس عورت کر دی ہوگی۔!

عمران نے [illegible] کے دروازے پر دستک دی۔

[illegible] تکلف کی کیا ضرورت ہے!

عمران [illegible] دروازہ کھول کر اندر داخل ہوا۔ وہ [illegible] پر نیم دراز نظر آئی۔ بستر پر ہی لیٹی تھی۔!

ذہنی [illegible] ختم ہو گئی۔۔۔ عمران نے [illegible] پوچھا۔

نہیں ذہنی [illegible] ختم ہوئی۔ لیکن یہاں میرا دم گھٹ رہا ہے کیوں نہ باہر چلیں۔!

ضرور۔۔۔ ضرور۔۔۔ چلو باہر ہی چلتے ہیں۔ لیکن میں اب اپنے کمرے میں واپس [illegible] جا سکی۔!

میں کب کہہ رہا ہوں کہ اپنے کمرے میں واپس ہو۔ میزبانی میرے ذمے ہے!

[illegible] مسئلہ نہیں [illegible] ہر وقت اپنے ساتھ ہی رکھتی ہوں!

[illegible] مجھے [illegible] ہیں۔!

[illegible] کی [illegible] سے [illegible] اور چلنے کیلئے تیار ہوگئی۔

وہ سڑک پر آئے۔ تو نسلی نے چاروں طرف دیکھتے ہوئے پوچھا "کیا تم پہلے بھی کبھی یہاں آ چکے ہو۔۔۔؟"

"نہیں۔ پہلی بار آیا ہوں۔۔۔"

"میں بھی پہلی بار آئی ہوں۔ تمہیں اسطرح بار بار دیکھنے میں پریشانی ہو رہی ہے۔ چلو، بہرا بار میں چل کر بیٹھیں۔۔۔ موڈ بدل جائے گا۔۔۔!"

"یہ کہاں ہے۔۔۔؟"

"اسی عمارت میں۔ تیسرا [illegible] روم کے برابر۔۔۔!"

"مگر سنو! ہم سے ایک غلطی ہوئی ہے۔ جو کچھ تمہارے کمرے میں ہوا ہے اس کی اطلاع ہوٹل کی استقبالیہ کو دے دی جانی چاہیئے تھی۔۔۔!"

"کون۔۔ ان کمیٹیوں میں پڑے۔۔ خواہ مخواہ پولیس کو [illegible]"

"تمہارے ملک کا سفارت خانہ شاید اسی سڑک پر ہے۔۔۔"

"ہاں۔۔ اینڈلی کی بلڈنگ میں۔ کیوں۔۔۔؟"

"چلو! پہلے کاغذات وہاں امانتاً جمع کرا دو۔۔۔"

"کاغذات۔۔۔ اوہ۔۔۔ ہاں" وہ اپنی جیبیں ٹٹولتا ہوا بولا۔ "وہ کاغذات۔۔۔ خدا کی پناہ۔۔۔ انہیں میرے کوٹ کی اندرونی جیب میں ہونا چاہیئے تھا کہیں تمہارے باتھ روم ہی میں تو نہیں گر گئے۔ وہیں میں نے کوٹ اتارا تھا۔"

"چلو دیکھیں۔۔۔" ظفر نے کسی قدر بے توجہی کا مظاہرہ کرتے ہوئے کہا۔

وہ پھر لفٹ کی طرف واپس آئے۔ نسلی بہت زیادہ پریشان نظر آ رہی تھی۔ چال میں لڑکھڑاہٹ سی پیدا ہو گئی تھی۔ پانچویں منزل پر پہنچ کر وہ کسی قدر تیزی کے ساتھ ظفر کے کمرے کی طرف بڑھی تھی۔

باتھ روم میں اس کے گمشدہ کاغذات مل گئے۔ ایسا لگ رہا تھا جیسے وہ بیہوش

تو نہ گرے تھے۔

"نہیں۔۔۔ [illegible] کہیں وہ تمہارے ہی کمرے میں تو نہیں رہ گئے تھے!"

"[illegible] کوٹ کی جیب ہی میں رکھے تھے۔۔۔"

"[illegible]"

"وہ بھی [illegible]"

"تو چلو [illegible] کمرے ہی میں دیکھیں۔۔۔"

وہ [illegible] کے ساتھ چل پڑی۔ ظفر نے سختی سے ہونٹ بھینچ لیے تھے۔ [illegible] یقینی سا معاملہ تھا۔ وہ عورت ہرگز نہیں ہو سکتی جس کے لیے [illegible] تھا۔ [illegible] سب کچھ منظر [illegible] سارا سامان ادھر ادھر بکھرا ہوا تھا [illegible] تھی۔

وہ [illegible] کاغذات [illegible] رہی تھی۔ [illegible] کمرے میں موجود تھی جس کا [illegible]

"[illegible] اب میں کیا کروں۔۔۔" وہ روہانسی ہو کر بولی۔

ظفر سوچ رہا تھا [illegible] کمرے میں [illegible] کسی کی موجودگی ممکن ہے؟ [illegible] لگ جانے کیا ہو۔۔۔؟ [illegible] کاغذات طلب کر بیٹھوں۔ یقیناً اصل عورت [illegible] غائب کر دیا گیا ہے اور اس کی جگہ یہ عورت نسلی کا رول ادا کر رہی ہے۔۔۔!

"[illegible] بتاؤ اب میں کیا کروں" وہ پھر بولی۔

"[illegible]" ظفر نے اس کی آنکھوں میں جھانکتے ہوئے تیز لہجے میں کہا۔

"کیا نہیں سمجھی۔ تم کیا کہہ رہے ہو۔۔۔"

"[illegible] کسی کی لاش کا ذکر کیا تھا۔۔۔ پھر کہا کہ تم نے اپنی طرف سے

انداز کیا تھا۔۔۔!

"تو اس سے کیا ہوتا ہے، میں اب بھی اپنے اسی جواب پر قائم ہوں، انسانی دلچسپی تک آ جاتا ہے۔۔۔" وہ طویل سانس لے کر بولی۔

"اچھی بات ہے۔ اب آرام کرو۔۔۔ میں اپنے کمرے میں جا رہا ہوں۔"

"تم مجھے تنہا نہیں چھوڑ سکتے۔۔۔" وہ دونوں [illegible] سے [illegible] دیکھتی رہی۔

"مجھے اس سلسلے میں کوئی بات نہیں کی۔۔۔" وہ [illegible] اور [illegible] آیا تھا۔۔!

* * *

جیمسن اور مسرا نے مختار گیسٹ ہاؤس میں سامنے دو کمرے [illegible] آیا تھا۔ جس کے [illegible] دو بالکنیاں چڑھائی تھیں۔ اور وہاں سے کبھی [illegible] ہوتے تھے۔

"دوست جیمس۔" مسرا بولا۔ "تمہیں یہاں کی قومی سیاست سے کوئی دلچسپی یا نہیں؟"

"مجھے اپنی قوم کی سیاست سے دلچسپی ہے اور نہ ہی لارڈ کی سیاست سے دلچسپی ہے۔"

"تب تم اس صدی کے عجوبے ہو۔۔۔!"

"نہیں میں صرف ایک ایسا آدمی ہوں جسے دو وقت کی روٹیوں کی فکر رہتی ہے۔ اس کے علاوہ ساری مصروفیات ضمنی ہیں۔۔۔!"

"بڑی غیر مذہبی باتیں کر رہے ہو۔۔۔!"

"میرے تصوف کی ابتدا یہیں سے ہوتی ہے کہ آدمی پیٹ کا [illegible] ہے۔"

"خیر چھوڑو۔۔۔ آؤ۔ عورتوں کی باتیں کریں۔۔۔" مسرا ہنس کر بولا۔

"لاحول کی بات، چار [illegible] بعد بھی عورتوں کی باتیں کرنا چاہتے ہو۔"

"میں بہت دکھی ہوں۔۔۔ جیمسن بھائی۔۔۔!"

"ظاہر ہے [illegible] چار [illegible] گردن [illegible] سے [illegible] حسب [illegible] چالیس برس ہو گئے۔۔۔!"

"یہ بات نہیں ہے، مجھے ابھی تک ایسی عورت نہیں ملی جیسی میں چاہتا ہوں۔"

"اس لئے بہت دکھی ہو۔۔۔" جیمسن نے حیرت سے کہا۔

"ہاں۔۔۔ میرے بھائی۔۔۔!"

"[illegible] بھائی مسرا۔۔۔ آخر کسی مرد کو اس کی پسند کی عورت ملی ہے، اور کسی عورت کو اس کی پسند کا مرد ملا ہے۔۔۔"

"[illegible] ہے۔۔۔!"

"[illegible] مسرا۔۔۔" جیمسن [illegible] کا درد گھونٹتا ہوا بولا "اگر پسند کی کوئی عورت مل بھی جاتی ہے تو کچھ دنوں کے بعد اس میں سے بھی کیڑے نکلنے لگتے ہیں۔"

"تم [illegible] تمہاری تو ابھی شادی بھی نہیں ہوئی۔۔۔!"

"[illegible] نہیں رہا ہوں، لیکن سو [illegible] عورتوں کا تجربہ ہے مجھے۔۔۔"

"پھر شاید [illegible] کچھ دنوں کے بعد [illegible] ہو جاؤں۔" مسرا نے مایوسی سے کہا۔

[illegible] جیمسن نے اپنی [illegible] نکالی تھی اور اب اس کا سفر [illegible] تھا۔

"عورتوں کی باتوں سے مجھے [illegible]۔۔۔" جیمسن ٹھنڈی سانس لے کر بولا "آؤ اب مجھ سے میرے خوابوں کی باتیں سنو۔ بچپن ہی سے میں افریقہ کے بارے میں [illegible] پڑھتا رہا ہوں۔۔۔ لہٰذا وہ میرے خوابوں کی سرزمین بن گئی ہے۔ افریقہ کے جانوروں کی باتیں میرے لئے بہت [illegible] رہی ہیں۔۔۔"

"وہ [illegible] قصے کہانیوں کی باتیں ہیں۔۔۔ بچپنے ہوتے ہیں [illegible]"

اب تو صرف سنجیدہ بادشاہ ہی سیاحوں کا جی بہلاتے ہیں۔ اور وہ بیچارے بھی یہی سمجھتے ہیں کہ سچ مچ کا جادو دیکھ رہے ہیں۔"

"چلو۔۔ ایسی ہی کسی جگہ دل بہلاتے ہیں۔۔۔!"

"وہاں کا ٹھکانا معلوم کرنا پڑے گا۔۔۔۔!"

"کہاں سے معلوم ہو سکتا ہے۔۔"

"میرا ایک دوست جانتا ہے۔۔ کہیں سے اسے فون کر کے معلوم کر لوں گا۔"

اور پھر اس نے ایک ڈرگ اسٹور کے سامنے گاڑی روک دی تھی۔ دونوں اتر کر ڈرگ اسٹور میں داخل ہوئے۔ ان کے پیچھے ہی زرد فام بھی اسٹور میں داخل ہوئے تھے۔ سوما کاؤنٹر پر کسی دوست کو فون کرنے لگا۔ وہ اس سے کہہ رہا تھا کہ اپنے سیاح دوست کو کالا جادو دکھانا چاہتا ہے۔ وہ اس سلسلے میں اس کی رہنمائی کرے۔ ادھر سے جواب ملنے پر ریسیور رکھ کر مڑا ہی تھا کہ پیچھے کھڑے ہوئے ایک زرد فام مخلوط نسل والے آدمی نے کہا۔ "معذرت خواہ ہوں جناب۔۔ اگر آپ کالا جادو دیکھنا چاہتے ہیں تو رام پیچ ہوٹل چلے جاؤ۔ مونٹ اسٹریٹ۔ وہاں ہر رات ہواکاری کالے جادو کا مظاہرہ کرتا ہے۔۔"

"تم نے دیکھا ہے۔۔۔!"

"ہاں مسٹر۔ میں بے تحاشہ ہی کئی بار یہ تماشہ دیکھ چکا ہوں۔ سیاحوں کے لئے اس سے بہتر جادوگری فی الوقت اور کوئی موجود نہیں۔۔!"

"اچھا تو پھر وہیں چلتے ہیں۔" سوما نے جیمسن کی طرف دیکھ کر کہا۔

"اگر کوئی حرج نہ ہو تو مجھے بھی لفٹ دے دیجئے۔۔!" زرد فام بولا۔

"کوئی حرج نہیں۔" سوما نے دروازے کی طرف بڑھتے ہوئے کہا۔ وہ گاڑی میں بیٹھ گئے تھے۔ زرد فام پچھلی سیٹ پر تھا۔

"کیا تمہیں بھی وہیں جانا ہے۔" سوما نے اس سے پوچھا۔

"ہاں مسٹر۔ بڑی مہربانی ہو گی اگر مجھے قریب ہی تمہیں ہواکاری کے پاس لے چلوں گا۔ میں تب تک تمہارا گائیڈ ہوں۔۔۔"

"اچھا۔ اچھا۔۔" سوما نے انجن اسٹارٹ کیا۔ اور جیمسن سے بولا۔ "چلو شاید سچ مچ تمہاری یہ آرزو بھی پوری ہو جائے۔۔!"

جیمسن کچھ نہ بولا۔ وہ ظفر الملک اور اس عورت کے بارے میں سوچنے لگا تھا۔ زرد فام مخلوط نسل آدمی مسلسل کچھ نہ کچھ بولتا رہا تھا۔ ہواکاری حیرت انگیز جادوگر ہے جناب عالی۔ وہ بڑی عجیب ہستی ہے کہ بیان بھی کر رہا ہے۔ ذرہ برابر بھی اس کی پرواہ نہیں ہوتی کہ اس کے تماشائی کس قسم کے لوگ ہیں اور کس ملک سے تعلق رکھتے ہیں۔ سچی اور کھری بات منہ پر کہہ دیتا ہے۔۔"

"تم کیسے جانتے ہو۔۔" سوما نے پوچھا۔

"خود ہی کئی بار دیکھ چکا ہوں۔ مگر سوال تو یہ ہے۔ آپ لوگ اس سے کس طریقہ کے متعلق کیسے پوچھیں گے۔۔"

"وہ بھی سیاحوں ہی کا انتظار کرے گا۔" سوما ٹھنڈی سانس لے کر بولا۔

"ذرا آہستہ آہستہ عمدہ قسم کی باتیں کرو۔۔ اسے کچھ دو۔" جیمسن اس کی طرف جھک کر دھیرے سے بولا۔

"تم نے کبھی بڑی خوبصورت تماشا دیکھا ہو۔۔۔!"

"تو پھر کالے جادو پر لعنت بھیجو۔ ہم وہاں نیوڈ شو دیکھیں گے۔۔۔"

"وہ تو ٹھیک ہے۔ لیکن رقص میرے ذہن پر اچھا اثر نہیں ڈالتا۔۔"

"ابھی تو تم رقاصاؤں کی تعریف کر رہے تھے۔۔!"

"تم سمجھے نہیں۔ در اصل مجھے کچھ ہو جاتا ہے رقص دیکھ کر۔۔۔!"

"اوہ اچھا۔۔!"

"تم اپنا ہی کیا سوچو۔ حالانکہ سال میں ایک آدھ بار ہی پیتا ہوں۔!"

مسکراؤ... میں نے بھی قسم نہیں کھا رکھی۔ ایک آدھ چُسکی کیا [illegible]

آپ واقعی تم نے بھی خوش کر دیا۔ دراصل اتنی پینی چاہیے کہ عقل خود [illegible]

بس دوست اس کے آگے کچھ نہ کہو...!

کیوں؟ کیوں...؟

کہیں تم یہ کہ بیٹھو۔ اتنی سی پی جانی چاہیے کہ [illegible] نہ ہو جائے۔ ساتھی [illegible] ہی کار کے قریب رہ جاؤ۔

ارے نہیں بھائی... میں اتنا کمینہ نہیں ہوں کہ اپنی کسی خامی کا جواز [illegible] تلاش کروں...

بس تو پھر ٹھیک ہے...

پہلے کالے جادو کا مظاہرہ دیکھیں گے۔ اس کے بعد رقص...!

[illegible] آدمی حبشی جادوگر کے کمرے میں داخل ہو گیا تھا۔ یہاں پہلے سے کئی لوگ موجود تھے۔

جادوگر [illegible] بھی سیاہ فام افریقی تھا۔ اس نے تالیاں بجا [illegible] تم لوگ جانتے ہو [illegible] آنکھیں بند کر لو کیونکہ وہ جو کچھ بھی [illegible] آئے گی۔ تب تم ان سے ایک حیرت انگیز خبر سنو گے... پچھلے افریقہ میں [illegible] جاتی تھی اور وہ جو سیاہ فام لوگوں پر ظلم ڈھاتے تھے [illegible] ان کے آسمان کے نیچے [illegible] تب پھر تم [illegible] کرنا۔ اتنی فریاد رسی... ان کے بیٹے اپنے کھیتوں کو خود سینچا...

جیسن نے رومال سے چہرے کا پسینہ خشک کیا اور سولی کی طرف دیکھ کر [illegible] دو آنکھ مار کر مسکرایا اور پھر جادوگر کی طرف متوجہ ہو گیا۔

لیکن اسی ایک آدمی ان کے قریب آ کر آہستہ سے بولا۔ مسٹر ساتھ آئیے [illegible] وہ انہیں دوسرے کمرے میں لے گیا تھا۔

